# اپنے حقوق کو جانیں

## رضاعی نگہداشت اور نابالغوں کے لیے نظام انصاف میں موجود LGBTQ نوجوان




**وسائل**

### دفتر وکالت اور عادلانہ حکمت عملیوں کا دفتر

اگر آپ کو اپنے جنسی رجحان، صنفی شناخت، یا صنفی اظہار کی وجہ سے رضاعی نگہداشت یا نابالغوں کے لیے نظام انصاف میں مسئلہ پیش آ رہا ہے تو، ہم سے رابطہ کریں۔

**(212) 676-9421** **www.nyc.gov/acs/LGBTQ**

### The Ali Forney Center

ملک کی سب سے بڑی اور سب سے جامع تنظیم جو 16-24 سال کی عمر کے بے گھر LGBT نوجوانوں کو گلیوں سے فرار اختیار کرنے اور صحت مند اور آزادانہ زندگیاں گزارنا شروع کرنے میں انہیں تعاون اور خدمات فراہم کرنے کے لیے وقف ہے۔

**(212) 206-0574** **www.aliforneycenter.org**

### زنانہ ہم جنس پرست، اغلام باز، دو جنسہ اور مخنث کمیونٹی سینٹر (The Lesbian, Gay, Bisexual, and Transgender Community Center) – سینٹر یوتھ/YES پروگرام

دنیا میں دوسرا سب سے بڑا LGBT کمیونٹی سینٹر جو سینٹر یوتھ/YES پروگرام کی معرفت 13-21 سال کی عمر کے LGBTQ اور متعلقہ نوجوانوں کو تعاون، تعلیم، فنون، اور قیادت کی پروگرامنگ کی پوری رینج فراہم کرتی ہے۔

**(212) 620-7310** **www.gaycenter.org**

### The Door

12-21 سال کی عمر کے نوعمر افراد کو جامع تعلیمی، صحت، تغذیاتی اور مشاورتی پروگرام، نیز قانونی خدمات پیش کرتی ہے۔

**(212) 941-9090** **www.door.org**

### ہیلتھ آؤٹ ریچ ٹو ٹینز (Health Outreach to Teens, HOTT) – Callen-Lorde Community Health Center

مفت یا کم قیمت پر طبی اور ذہنی صحت کی نگہداشت/مشاورت، بشمول جسمانی معائنے، امراض نسواں سے متعلق معائنے، اور STD/HIV کا علاج اور ٹیسٹنگ 13-24 سال کی عمر کے LGBTQ اور بے گھر افراد کے لیے۔ ہارمون تھراپی 18-24 سال کی عمر کے نوجوانوں کے لیے دستیاب ہے۔

**(212) 271-7200** **www.callen-lorde.org**

### Hetrick-Martin Institute/Harvey Milk High School

معاون خدمات محکمہ (Supportive Services Department) اجتماعی، فیملی اور انفرادی مشاورت LGBT کے نوجوانوں اور فیملیز کے لیے فراہم کرتا ہے۔ آفٹر اسکول پروگراموں، انٹرن پلیسمنٹ، GED میں اعانت، ہم عمر کی مشاورت، پینٹری اور کپڑے میں بھی اعانت پیش کرتا ہے۔

**(212) 674-2400** **www.hmi.org**

### The Trevor Project – Trevor Lifeline

ایک مفت اور رازدارانہ ہاٹ لائن تربیت یافتہ مشیران پیش کرتی ہے جو بحران میں مبتلا، خود کشی پر مائل ہونے کا احساس کرنے والے اور 24/7 بات کرنے کے لیے ایک محفوظ اور غیر فیصلہ کن جگہ کے ضرورت مند LGBTQ نوجوانوں کا تعاون کرنے کے لیے دستیاب اور آراستہ ہیں۔

**www.thetrevorproject.org/lifelinechat**
**(866) 488-7386**

## نگہداشت میں، آپ کو حق ہے کہ...

1. ایک اثباتی گھر/رہائش ہو جو آپ کے ساتھ احترام کا برتاؤ کرے اور آپ کی ضرورتیں پوری کرے۔
2. عین کسی دوسرے فرد کی طرح ہی سلوک کیا جائے، اور آپ کے جنسی رجحان، صنفی شناخت، اور/یا صنفی اظہار کی وجہ سے امتیازی سلوک (غیر منصفانہ طور پر یا مختلف طریقے سے برتاؤ کیے جانے) سے پاک ہوں۔
3. زنانہ ہم جنس پرست، اغلام باز، دو جنسہ، مخنث، اور آپ کی فیملی فراہم کنندہ پر معترض ہونے کے بارے میں بات کریں یا اس بارے میں بات نہ کریں۔
4. ایسے نام اور صنفی اسم ضمیر (وہ مذکر، مؤنث، وغیرہ) سے بلائے جانے کو کہیں جو اس صنف سے مماثل ہوں جو آپ خود کو محسوس کرتے ہیں۔
5. اپنی صنف کا اظہار ایسے انداز میں کریں جو اس صنف سے مماثل ہوں جو آپ خود کو محسوس کرتے ہیں۔
6. ایسے کپڑے پہنیں اور بالوں کا ایسا اسٹائل بنائیں جو اس صنف سے مماثل ہوں جو آپ خود کو محسوس کرتے ہیں۔
7. صحت اور ذہنی صحت کے ان فراہم کنندگان کے پاس جانے پر قادر ہوں جو LGBTQ نوجوانوں کے لیے محفوظ ہوں، اور ان پروگراموں/خدمات تک رسائی حاصل کریں جو اس صنف کا احترام کریں جو آپ خود کو محسوس کرتے ہیں۔
8. رہائش میں ان دیگر نوجوانوں کے ساتھ قیام کی گزارش کریں جو اسی صنف کے ہوں جو آپ خود کو محسوس کرتے ہیں۔
9. دستیاب کمپیوٹرز پر LGBTQ کے مسائل، گروپوں، اور ویب سائٹس کے بارے میں معلومات حاصل کریں۔
10. ان تمام سرگرمیوں میں شرکت کریں جو آپ کے لیے کھلی ہیں اور جن میں شرکت کرنے میں آپ کو دلچسپی ہو۔
11. جن ایونٹس میں بوائے فرینڈز اور گرل فرینڈز مدعو ہوں ان میں اپنی ہی جنس کے پارٹنر کو لے کر آئیں۔
12. جب فیملی ٹیم کانفرنسوں کا انعقاد ہو رہا ہو تو آپ کو باخبر کیا جائے تاکہ آپ کو اپنے کیس کی منصوبہ بندی میں فعال انداز میں شرکت کرنے کا موقع ملے۔

### اپنے حقوق کے بارے میں مزید جاننے کے لیے، اس پر جائیں:
**www.nyc.gov/acs/LGBTQ**

## فراہم کنندگان پر ذمہ داری ہے کہ...

1. احترام کرنے والا ایک ایسا ماحول بنائیں آپ کی مخصوص ضرورتیں پوری کرتا ہو۔
2. آپ کے جنسی رجحان (زنانہ ہم جنس پرست، اغلام باز، دو جنسہ، یا بے لاگ ہونے)، صنفی شناخت (مخنث یا غیر مخنث ہونے)، اور/یا صنفی اظہار (مؤنث، مذکر، یا دو جنس ہونے) کی وجہ سے امتیازی سلوک سے اور غیر منصفانہ برتاؤ سے آپ کا تحفظ کرے۔
3. عملہ کو آپ کو اپنے جنسی رجان، صنفی شناخت، اور/یا صنفی اظہار کو مسترد یا تبدیل کرنے پر مائل کرنے سے روکے۔
4. کسی کو بھی آپ کی منظوری کے بغیر آپ کا جنسی رجحان یا صنفی شناخت نہ بتائے، الّا یہ کہ قانون ان کے لیے ایسا کرنے کو درست قرار دے۔
5. آپ کا ترجیحی نام اور صنفی اسم ضمیر استعمال کر کے آپ کی صنفی شناخت کا احترام کرے۔
6. پیدائش کے وقت آپ کی تفویض شدہ جنس کی بجائے آپ کی صنفی شناخت کی بنیاد پر رہائشوں کے بارے میں آپ کو بتائے۔
7. آپ کو مطلع کرے کہ آپ کے جنسی رجحان، صنفی شناخت یا صنفی اظہار کی بنیاد پر غنڈہ گردی، ہراسانی، یا امتیازی سلوک کے کسی واقعہ کی رپورٹ کہاں کرنی ہے۔

### اپنے فراہم کنندہ کی ذمہ داریوں کے بارے میں جاننے کے لیے، اس پر جائیں: **www.nyc.gov/acs/LGBTQ**

## اگر آپ کو غنڈہ گردی، ہراسانی، یا امتیازی سلوک کا سامنا ہو رہا ہے تو...

1. اپنی آواز اٹھائیں! مسئلے کی رپورٹ فوری طور پر اپنے فراہم کنندہ کے LGBTQ پوائنٹ کے فرد کو کریں۔
2. آپ کے رپورٹ کردہ ہر واقعہ کی تاریخیں، بشمول جس کو آپ نے رپورٹ کی، اور اگر اس فرد نے کوئی کارروائی کرنے کی بات کی تو جو کارروائی ہوئی اس کو تحریر کر لیں۔
3. آپ کے رپورٹ کردہ ہر واقعہ کی تاریخیں، بشمول جس کو آپ نے رپورٹ کی، اور اگر اس فرد نے کوئی کارروائی کرنے کی بات کی تو جو کارروائی ہوئی اس کو تحریر کر لیں۔
4. گر مسئلہ اب بھی ٹھیک نہیں ہو رہا ہے تو، دفتر وکالت سے 676-9421 (212) پر یا عادلانہ حکمت عملیوں کے دفترسے LGBTQ@acs.nyc.gov پر رابطہ کریں۔

### شکایت درج کرانے اور مسئلہ ٹھیک کرنے کے طریقے کے بارے میں جاننے کے لیے، اس پر جائیں:
**www.nyc.gov/acs/LGBTQ**